# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 29 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۹؍نومبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

**** **** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ جن بلدیاتی اداروں میں انتخابات کا اعلان نہیں ہوا وہاں 50 فیصد سے زائد ریز رویشن کا نوٹیفکیشن جاری نہ کیا جائے: سپریم کورٹ کی ہدایت۔

☆ میونسپل کونسلوں اور نگر پنچایتوں کیلئے انتخابی مہم کے وقت میں توسیع۔

☆ وزیرِ اعظم کی ملک کو خود کفیل بنانے کا عزم کرنے کی اپیل۔

☆ IFFI اختتام پذیر؛ فلم ''اِسکن آف یوتھ'' نے گولڈن پیکاک جیتا' جبکہ سنتوش ڈاوٗ کھر کی فلم ''گوندھڑ'' کو ملا سلور پیکاک۔

اور۔۔۔☆ جالنہ میں دو منشیات فروش غیر قانونی جنس کے تعین کے معاملے میں گرفتار۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

سپریم کورٹ نے ہدایت کی ہے کہ ایسے بلدیاتی اداروں میں 50 فیصد سے زائد ریزرویشن کا نوٹیفکیشن جاری نہ کیا جائے جن کیلئے ریاست میں انتخابات کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ چیف جسٹس' جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوائے مالیہ باگچی کی بینچ نے کل ریاستی الیکشن کمیشن کو یہ ہدایت دی۔ عدالت نے یہ بھی واضح کیا کہ جن انتخابات میں 50 فیصد سے زیادہ ریزرویشن کے نوٹیفکیشن جاری کیے گئے ہیں ان کے نتائج ان درخواستوں کے نتائج پر منحصر ہوں گے۔

ریاستی الیکشن کمیشن کے وکیل بلبیر سنگھ نے عدالت کو بتایا کہ ریاست میں کُل 246 میونسپل کونسلوں اور 42 نگر پنچایتوں کے انتخابات کا عمل شروع ہو چکا ہے اور ان میں سے 40 میونسپل کونسل اور 17 نگر پنچایتیں زیادہ سے زیادہ ریزرویشن کی حد سے تجاوز کر رہی ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ 29 میونسپل کارپوریشنوں اور 346 پنچایت سمیتی کے انتخابات کا ابھی اعلان نہیں ہوا ہے۔

عدالت نے یہ معاملہ تین رکنی بینچ کو بھیج دیا اور ہدایت کی کہ اگلی سماعت 21 جنوری کو کی جائے اور انتخابات کی اجازت دی جائے' جس کیلئے شیڈول کے مطابق انعقاد کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

دریں اثناء' کانگریس لیجسلیٹیو گروپ لیڈر وجے وڈیٹیوار نے یہ کہتے ہوئے ردّعمل ظاہر کیا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے نے انتخابات کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔

**** **** *****

دریں اثناء میونسپل کونسل اور نگر پنچایت انتخابات کیلئے مہم زور پکڑ گئی ہے اور مختلف پارٹیوں کے قائدین اپنے اپنے امیدواروں کی تشہیر کیلئے میدان میں اُتر چکے ہیں۔ بی جے پی لیڈر وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل جالنہ' واشم' وردھا اور ایوت محل اضلاع میں مختلف انتخابی اجلاس سے خطاب کیا۔

جالنہ ضلعے کے پرتور میں منعقدہ ایک جلسۂ عام میں پھڑنویس نے پرتور شہر کو مراٹھواڑہ میں ایک مثالی شہر بنانے کا عزم کیا۔ انھوں نے یہ بھی یقین دلایا کہ پرتور کی ترقی کیلئے فنڈ کی کوئی کمی نہیں ہونے دی جائیگی۔ اس موقعے پر رکنِ پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڑ' رکنِ اسمبلی ببن راؤ لونیکر' نارائن کوچے' سابق مرکزی وزیرِ مملکت راؤ صاحب دانوے موجود تھے۔

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے صدر و نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار' پونے، اہلیانگر اور رائے گڑھ اضلاع میں انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔

شیوسینا کے اہم قائد و نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ناسک میں انتخابی مہم کی میٹنگ میں کل شرکت کی۔

***** ***** *****

دریں اثناء انتخابی مہم کا وقت بڑھا دیا گیا ہے اور انتخابی مہم یکم دسمبر کو رات 10 بجے ختم ہو جائے گی۔ ریاستی الیکشن کمیشن کے سیکریٹری سریش کاکانی نے ایک سرکُلر جاری کیا ہے جس میں یہ اطلاع درج ہے۔ ریاست کے میونسپل کونسل اور نگر پنچایت کے انتخابات کیلئے ووٹنگ 2 دسمبر کو ہوگی، جس کیلئے عام تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس چھٹی کا اطلاق متعلقہ حلقوں سے باہر رہنے والے رائے دہندوں پر بھی ہوگا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل کرناٹک کے اُڈُپی کے شری کرشنا مٹھ کا دورہ کیا اور پوجا کی۔ گربھ گرہ کے روبرو سورن تیرتھ منڈپ کا افتتاح کرنے کے بعد انھوں نے سنت کنک داس کی مقدس کھڑکی کو سنہرا دائرہ پیش کیا۔ وزیرِ اعظم نے اس موقعے پر منعقدہ لکش کنٹھ گیتا کے پروگرام میں بھی شرکت کی۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے وزیرِ اعظم نے ملک کو خود کفیل بنانے کا عزم کرنے کی اپیل کی۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

وزیرِ اعظم نے کل گوا کے شری سنستھان گوکرن جیوتسم مٹھ کے پانچ سو پچاسویں یومِ قیام میں شرکت کی۔ اس موقع پر شری رام کے 77 فٹ اونچے کانسے کے مجسّمے کی نقاب کشائی بھی کی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم کل بروز اتوار صبح گیارہ بجے آکاشوانی کے ''من کی بات'' پروگرام میں اہلِ وطن سے خطاب کریں گے۔ یہ اس سیریز کی 128 ویں قسط ہوگی۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن نیٹ ورک' ویب سائٹ اور News On AIR موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

عوامی انتظامی محکمہ کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری راجیش اگروال کو مہاراشٹر کا نیا چیف سیکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ موجودہ چیف سیکریٹری راجیش کمار کل 30 نومبر کو سبکدوش ہو رہے ہیں۔ راجیش اگروال کل اپنا عہدہ سنبھالیں گے۔

***** ***** *****

نکسلیوں کی مہاراشٹر' مدھیہ پردیش' چھتیس گڑھ اسپیشل سیل ریجنل کمیٹی کے ترجمان اننت نے دریکسا دَلم کے گیارہ سرگرم نکسلیوں کے ساتھ کل گوندیا پولس کے سامنے خود سپردگی کی۔ ان سب پر 89 لاکھ روپئے کا انعام تھا۔ چھتیس گڑھ کے جگدل پور میں کل 10 نکسلیوں نے بھی خود سپردگی کی۔

***** ***** *****

56 واں بین الاقوامی فلم فیسٹیول آف انڈیا (IFFI) کل گوا کے پنجی میں اختتام پذیر ہوا۔ فیسٹیول میں دکھائی جانے والی آخری فلم ’’اے یوزفل گھوسٹ‘‘ تھی۔ فیسٹیول کی بہترین فلم کا پُر وقار گولڈن پیکاک ایوارڈ ایشلے فیر کی اسکن آف یوتھ کو دیا گیا اور سلور پیکاک ایوارڈ سنتوش ڈاوَ کھر کی گوندھڑ فلم کو ملا۔ بہترین ویب سیریز ایوارڈ بندش بینڈٹس کو دیا گیا۔ کرن سنگھ تیارگی نے کیسری چیپٹر -2 کیلئے بھارتی فلم زمرے میں بہتر کارکردگی دکھائی، جس پر انھیں یہ ایوارڈ ملا۔ باوقار آئی سی ایف سی یونیسکو گاندھی میڈل طارق سوینسن کے سیف ہاؤس نے حاصل کیا۔ فلم ’’مائی فادر شیڈو‘‘ کو خصوصی جیوری ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اس موقعے پر مشہور اداکار رجنی کانت کو بھی خصوصی طور پر اعزاز سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے ثقافتی ایوارڈز کا کل اعلان کر دیا گیا۔ ڈرامہ زمرے میں بزرگ اداکار ارون کدم جبکہ نوجوان فنکار کے زمرے میں اداکارہ تیج شری پردھان اور اداکار بھوشن کڑو کو منتخب کیا گیا۔ فلمی زمرے میں مدھرا ویلنکر کو جبکہ کلاسیکل میوسیقی کے زمرے میں گلوکار راہل دیشپانڈے اور بھاگیش مراٹھے کو ذیلی کلاسیکل میوسیقی ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا۔ بزرگ فنکار ادے سبنیس کو مزاحیہ ایوارڈ کیلئے، امبریش مشرا، میگھنا ایرنڈے اور سمیرا گجر کو روایتی اداکاری کے تحفظ کے زمرے کے ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا، جبکہ گوداوری منڈے اور بیڑ کے تامبیشور شاعری فن دستے کا بھی لوک فن کے تحفظ زمرے کے ایوارڈ کیلئے انتخاب عمل میں آیا۔

***** ***** *****

مشہور مزاحیہ شاعر، ڈاکٹر مرزا رفیع احمد بیگ، جو ’’مرزا ایکسپریس‘‘ کے نام سے جانے جاتے ہیں، کل امراوتی میں انتقال کر گئے۔ وہ 68 برس کے تھے۔ انہوں نے کئی مشاعروں میں اپنے منفرد اسلوبِ بیان سے مداحوں کے دلوں میں جگہ بنائی تھی۔ ان کا اخباری کالم ’’مرزا جی کہیں‘‘ کافی مقبول ہوا۔ مرزا کے 20 شعری مجموعے ہیں، اور مرزا ایکسپریس کے نام سے ان کی شاندار کہانیوں اور شاعری کا پروگرام خاص و عام میں کافی مقبول تھا۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ان کی موت پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ مرزا بیگ کے انتقال سے ہم ایک عظیم مزاحیہ عوامی شاعر اور سماجی احساس رکھنے والی شخصیت سے محروم ہو گئے ہیں۔

***** ***** *****

جالنہ کے مقامی کرائم برانچ دستے نے کل جالنہ ضلعے کے بھوکردن تعلقہ کے نانجاواڑی میں غیر قانونی اسقاطِ حمل کے معاملے میں دوا دویات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔ دورانِ تفتیش ان دونوں کی جانب سے غیر قانونی طور پر اسقاطِ حمل کیلئے درکار ادویات کلیدی ملزم کو فروخت کرنے کا انکشاف ہوا۔ واضح رہے کہ محکمہ صحت اور جالنہ کرائم برانچ دستے نے تین دن پہلے نانجاواڑی میں مویشیوں کے ایک گودام میں جاری ایک غیر قانونی تشخیصِ حمل مرکز کا پردہ فاش کیا تھا۔

***** ***** *****

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر کے تکنیکی شعبے سے وابستہ ٹیکنیشین سنیل جوشی کل ملازمت سے سبکدوش ہو گئے۔ انھوں نے آکاشوانی پربھنی اور آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر مراکز میں اپنی خدمات انجام دیں۔ جوشی کو کل آکاشوانی مرکز کے افسران اور عملے کی جانب سے وداعیہ دیا گیا۔

***** ***** *****

ڈویژنل کمشنر اور میٹروپولیٹن کمشنر جتیندر پاپلکر نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میٹروپولیٹن ترقیاتی اتھارٹی کے مختلف ترقیاتی منصوبوں اور اسکیموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ جن بلدیاتی اداروں میں انتخابات کا اعلان نہیں ہوا وہاں 50 فیصد سے زائد ریزرویشن کا نوٹیفکیشن جاری نہ کیا جائے: سپریم کورٹ کی ہدایت۔

☆ میونسپل کونسلوں اور نگر پنچایتوں کیلئے انتخابی مہم کے وقت میں توسیع۔

☆ وزیرِ اعظم کی ملک کو خود کفیل بنانے کا عزم کرنے کی اپیل۔

☆ IFFI اختتام پذیر، فلم ''اِسکن آف یوتھ نے گولڈن پیکاک جیتا' جبکہ سنتوش ڈاوَ کھر کی فلم ''گوندھڑ'' کو ملا سلور پیکاک۔

اور۔۔۔☆ جالنہ میں دو منشیات فروش غیر قانونی جنس کے تعین کے معاملے میں گرفتار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آ کاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****